05 دسمبر 2022ء

## پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے کرنسی نوٹ 31 دسمبر 2022ء کے بعد تبدیل نہیں کرائے جاسکتے: اسٹیٹ بینک

وفاقی حکومت نے گزٹ نوٹیفکیشن F.No.2(1)IF-III/2010 بتاریخ 23 دسمبر 2021ء کے ذریعے 10، 50، 100 اور 1000 روپے کے پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے کرنسی نوٹوں کے تبادلے کی آخری تاریخ ایک سال تک بڑھادی تھی۔ پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے کرنسی نوٹ رکھنے والوں کو آخری موقع دیا گیا تھا کہ وہ 31 دسمبر 2022ء تک ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر پر جاکر ان نوٹوں کو تبدیل کرالیں۔

اب ایک بار پھر زور دے کر کہا گیا ہے کہ نوٹ تبدیل کرانے کی یہ آخری تاریخ ہے۔ آخری تاریخ کے بعد یہ کرنسی نوٹ ایس بی پی، بی ایس سی کے کاؤنٹرز پر بھی تبدیل نہیں کرائے جاسکیں گے اور اس طرح ان کی قدر و قیمت ختم ہو جائے گی۔ لہٰذا عوام سے درخواست ہے کہ پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے کرنسی نوٹ تبدیل کرانے کے اس آخری موقع سے فائدہ اٹھائیں اور ایس بی پی، بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر سے انہیں 31 دسمبر 2022ء تک تبدیل کرالیں، تاکہ بچت کیے ہوئے ان نوٹوں کی قدر و قیمت محفوظ بنائی جاسکے۔

****